# 9550 ـ کیا خاوند بیوی کوحالت زچگی میں دیکھ سکتا ہے

**سوال**

کیا خاوند کے لیے جائز ہے کہ وہ بیوی کی زچگی کے وقت اس کے پاس رہے اوراس کا مشاھدہ کرے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جی ہاں زچگي کے وقت خاوند اپنی بیوی کےپاس رہ سکتا ہے ، اس لیے کہ بیوی کا جسم دیکھنا خاوند کے لیے جائز ہے جس میں کسی قسم کا کوئي استثناء نہیں جیسا کہ حدیث میں ہے :

انس بن مالک رضي اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ :

( نبی صلی اللہ علیہ وسلم اورامہات المومنین میں سے کوئي ایک آپ دونوں غسل جنابت ایک ہی برتن سے کرتے تھے ) صحیح بخاری حدیث نمبر ( 264 ) ۔

تواس بنا پر خاوند بیوی کی حالت زچگي میں اس کے پاس رہ سکتا ہے ، جبکہ وہاں کوئي اوراجنبی عورت نہ ہو جس کا پردہ کرنا اس مرد سے ضروری ہو ۔

واللہ اعلم .